وَأَتِمُّوا الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ لِلّٰهِ

حج اور عمرہ کو خالص اللہ جل شانہ کے لئے پورا کیا کرو

جس میں حج، عمرہ، زیارت کے فضائل و آداب اور عاشقانِ خدا کے بہت سے واقعات شرح و بسط سے بیان کئے گئے ہیں۔

مؤلف: حضرت مولانا الحاج الحافظ المحدث محمد زکریا صاحب دامت برکاتہم

دارالاشاعت
اردو بازار ایم اے جناح روڈ
کراچی پاکستان 2213768

باہتمام : خلیل اشرف عثمانی

طباعت : ۲۰۰۵ء علمی گرافکس کراچی

ضخامت : 240 صفحات

قارئین سے گزارش

اپنی حتی الوسع کوشش کی جاتی ہے کہ پروف ریڈنگ معیاری ہو۔ الحمدللہ اس بات کی نگرانی کے لئے ادارہ میں مستقل ایک عالم موجود رہتے ہیں۔ پھر بھی کوئی غلطی نظر آئے تو ازراہ کرم مطلع فرما کر ممنون فرمائیں تاکہ آئندہ اشاعت میں درست ہو سکے۔ جزاک اللہ

ملنے کے پتے

ادارۃ المعارف جامعہ دارالعلوم کراچی
بیت القرآن اردو بازار کراچی
ادارہ اسلامیات موہن چوک اردو بازار کراچی
ادارۃ القرآن والعلوم الاسلامیہ 437-B دیپ روڈ لسبیلہ کراچی
بیت القلم مقابل اشرف المدارس گلشن اقبال بلاک ۲ کراچی
بیت الکتب بالمقابل اشرف المدارس گلشن اقبال کراچی
مکتبہ اسلامیہ امین پور بازار۔ فیصل آباد

ادارہ اسلامیات ۱۹۰۔ انارکلی لاہور
بیت العلوم 20 نابھہ روڈ لاہور
مکتبہ سید احمد شہید اردو بازار لاہور
مکتبہ امدادیہ ٹی بی ہسپتال روڈ ملتان
یونیورسٹی بک ایجنسی خیبر بازار پشاور
کتب خانہ رشیدیہ۔ مدینہ مارکیٹ راجہ بازار راولپنڈی
مکتبہ اسلامیہ گامی اڈا۔ ایبٹ آباد

مکتبۃ المعارف محلہ جنگی۔ پشاور

انگلینڈ میں ملنے کے پتے

Islamic Books Centre
119-121, Halli Well Road
Bolton BL 3NE, U.K

Azhar Academy Ltd.
At Continenta (London) Ltd.
Cooke Road, London E15 2PW

اور کسی آن اللہ جل شانہٗ کی منشا کے خلاف نہیں کرتے مشابہت حاصل ہوتی ہے۔

(۱۸) پہلی اُمتوں میں مذہبی حیثیت سے رہبانیت ایک بہت ہی اہم اور اونچی چیز شمار کی جاتی تھی مگر اسلام نے اس کو روک کر اس کا بدل سفر حج کو قرار دیا۔ چنانچہ زینت کی اشیاء بیوی سے صحبت در کنار صحبت کا ذکر تک ناجائز کر دیا اور اس کا نعم البدل اس کو قرار دیا۔ (اتحاف)

(۱۹) دنیاوی حیثیت سے ہر قوم میں ایک میلہ لگتا ہے اور یہ ایک قدیم دستور ہے۔ ہر ملک اور مذہب کے لوگ اس کے ہمیشہ سے عادی ہیں۔ عام طور پر لوگ اس کی طرف طبعاً متوجہ ہوتے ہیں، سال بھر تک اس کا انتظار و اہتمام کرتے ہیں۔ اسلام نے مسلمانوں کے لئے حج کو اس کا نعم البدل قرار دیا کہ بجائے لہو و لعب کھیل کود شور و شغب کے مختلف مظاہروں اور نعروں کے ان ہی کو عبادت کی شکل میں بدل دیا جس میں ان سب جذبات کا جو لہو و لعب کی شکل میں تھے توحید و عشق الٰہی کی طرف امالہ ہو گیا۔

(۲۰) حج ان متبرک مقامات کی زیارت کا ذریعہ ہے اور برکات حاصل کرنے کا موقع ہے جہاں لاکھوں عشاق نے ایڑیاں اور ماتھے رگڑ رگڑ کر جان دیدی۔

(۲۱) سفر سے ایک طرف تو اخلاق کی جلا اور صفائی ہوتی ہے دوسری طرف بدن کی صحت کے لئے معین ہے حضور ﷺ کا ارشاد ہے۔ "سَافِرُوا تَصِحُّوا سفر کرو صحت یاب ہو گے۔ (کنز) تبدیل آب و ہوا صحت کے لئے معین و مددگار ہے۔ حج کا سفر اس کا بہترین ذریعہ ہے۔

(۲۲) حج اس عبادت کی یادگار اور بقا ہے جو حضرت آدم علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کے زمانہ سے لے کر ہر مذہب و ملت میں رہی ہے۔

(۲۳) اسلام کا ابتدائی دور جہاں مسلمان نہایت بے کسی کے عالم میں ہر وقت مظلومانہ زندگی بسر کرتے تھے اور ہر قسم کے ظلم و ستم کا شکار ہوتے تھے اور نہایت صبر و استقلال کے ساتھ ان سب مظالم کو برداشت کرتے تھے جو کفار کی طرف سے اُن پر ہوتے رہتے تھے اور اسلام کا انتہائی دور جہاں وہ ہجرت کے بعد غالب اور فاتح کی شکل میں رہے اور غالب و قوی ہو کر اپنے کمال اخلاق سے نہ صرف یہ کہ پرانے مظالم کو بالکل نظر انداز کر دیا بلکہ اپنے اخلاق کی خوبی اور وسعت سے اسلام کو ایسا پھیلایا کہ دنیا کے گوشہ میں اس کا نور پھیل گیا اس سفر حج میں دونوں شہروں کی زیارت سے دونوں یادگاریں تازہ ہوتی ہیں اور دونوں سبق یاد کرنے کا امت کو موقع ملتا ہے۔

(۲۴) مکہ مکرمہ حضور اقدس ﷺ کا مولد ہے پیدائش یہاں ہوئی اور ۵۳ سال کی عمر تک کے مختلف دور یہاں گذرے اس کے بعد مدینہ طیبہ ہجرت کا گھر ہے اور مزار مبارک وہاں ہے رسالت کے اکثر احکام وہاں نازل ہوئے۔ اس سفر سے دونوں یادگاروں کی زیارت حضور ﷺ کے زمانہ کی یاد کو